جماعت اوّل

# اسلامیات

# فہرست


باب اوّل

## حفظ و ناظرہ

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | پہلا کلمہ طیب | ۵ |
| ۲۔ | دوسرا کلمہ شہادت | ۶ |
| ۳۔ | قرآنی سورتیں | ۷ |
| | (سورہ فاتحہ) | ۷ |
| | (سورہ اخلاص) | ۸ |
| ۴۔ | مسنون دعائیں | ۹ |

باب دوم

## ایمانیات و عبادات

| | | |
|---|---|---|
| ۵۔ | اللہ تعالیٰ | ۱۳ |
| ۶۔ | اللہ کے پیارے نام | ۱۵ |
| ۷۔ | قرآن مجید | ۱۷ |
| ۸۔ | پیارا مذہب اسلام | ۱۹ |
| ۹۔ | نماز | ۲۱ |
| ۱۰۔ | فرشتے | ۲۳ |

باب سوم

## تاریخِ اسلام

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱۔ | اللہ کے پیغمبر | ۲۷ |
| ۱۲۔ | حضرت آدم علیہ السلام | ۲۹ |
| ۱۳۔ | ہمارے پیارے نبی ﷺ | ۳۱ |

باب چہارم

## آداب و اخلاق

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴۔ | سلام | ۳۵ |
| ۱۵۔ | صفائی | ۳۷ |
| ۱۶۔ | کھانے پینے کے آداب | ۳۹ |
| ۱۷۔ | والدین کا احترام | ۴۱ |
| ۱۸۔ | مسجد کے آداب | ۴۳ |
| ۱۹۔ | کتابوں کا احترام | ۴۶ |

# سورۃ الفاتحہ

أَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

اللہ کی پناہ مانگتا ہوں/ مانگتی ہوں شیطان مردود سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ① اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ②

مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ③ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ④

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ⑤

صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ⑥

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ⑦

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے (۱) بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے (۲) روز جزا کا مالک ہے (۳) ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں (۴) ہمیں سیدھا راستہ دکھا (۵) ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا (۶) ان (لوگوں) کا (راستہ) نہیں جن پر غضب ہوا اور نہ (ہی ان کا) جو گمراہ ہوئے (۷)

## سورہ فاتحہ کی فضیلت

قرآن شریف کی پہلی سورت، سورۃ فاتحہ ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''سورہ فاتحہ ہر بیماری کی شفاء ہے''۔

**ہدایات برائے اساتذہ/والدین:** بچوں کو درست تلفظ اور ترجمہ کے ساتھ سورہ فاتحہ پڑھائیں اور سورہ فاتحہ میں مانگی گئی دُعاؤں کے بارے میں بتائیں۔

# مسنون دعائیں

مسنون دعائیں

## علم میں اضافے کی دعا

**رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ط**

ترجمہ: اے میرے رب میرے علم میں اضافہ فرما (آمین)

## کھانا کھانے کی دعا



**بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ ط**

ترجمہ: اللہ کا نام لے کر اور اس کی برکت سے کھانا کھاتا/کھاتی ہوں

## شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو یہ دعا پڑھے

**بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ ط**

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع کرتا/کرتی ہوں کھانے کا اول بھی اور آخر بھی۔

# اللہ تعالیٰ

پیارے بچو! ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے۔

وہ ایک (واحد) ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

زمین، آسمان، چاند، سورج، ستارے سب اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے ہیں۔

ہماری اس پیاری دنیا میں جو اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے اس میں سارے کام صرف اور صرف اللہ ہی کے حکم سے ہوتے ہیں۔اسی لئے ہم اللہ ہی کی عبادت کرتے ہیں۔ کیوں کہ اللہ تعالیٰ ہی ہمارا خالق اور مالک ہے۔اللہ تعالیٰ کو کسی نے پیدا نہیں کیا، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا۔

**ہدایات برائے اساتذہ/والدین:**

بچوں کو اللہ تعالیٰ کی تعریف کے بارے میں مزید بتائیں، تا کہ اللہ پر یقین اور پختہ ہو سکے، مثلاً انھیں بتائیں اللہ بہت عظیم اور بڑا ہے، وہ سب کچھ دیکھتا، سنتا اور جانتا ہے، ہم اس سے کچھ نہیں چھپا سکتے دنیا کی ہر چیز اللہ کے حکم کے تابع ہے۔تا کہ بچوں میں اللہ کی اطاعت اور فرمانبرداری کا جذبہ پیدا ہو۔

## ورک شیٹ نمبر: ۱

**(الف) درج ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔**

سوال ۱: ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟

جواب : ________________________________________

سوال ۲: زمین، آسمان، چاند، سورج، پہاڑ کس نے بنائے ہیں؟

جواب : ________________________________________

سوال ۳: دنیا میں سارے کام کس کے حکم سے ہوتے ہیں؟

جواب: ________________________________________



**(ب) خالی جگہ پُر کریں۔**

۱۔ اللہ تعالیٰ ____________ ہے۔

۲۔ ہم اللہ تعالیٰ کی ____________ کرتے ہیں۔

۳۔ اللہ تعالیٰ ہمارا ____________ اور ____________ ہے۔

**(ج) اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی کسی بھی چار چیزوں کی تصویر بنائیں اور رنگ بھریں۔**

# اللہ تعالیٰ کے پیارے نام

اللہ ایک ہے وہ سب سے بڑا ہے اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ کے بہت سارے پیارے نام ہیں جن سے ہم اللہ تعالیٰ کو پکار سکتے ہیں۔ جہاں اللہ تعالیٰ کے نام بہت سارے ہیں وہیں ان کے معنی بھی الگ الگ ہیں۔ جو ہمیں اللہ تعالیٰ کی عظمت کی گواہی دیتے ہیں۔

انہیں ''اسماء الحسنیٰ'' کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے صفاتی نام ننانوے (۹۹) ہیں۔

جو انہیں یاد کرے گا اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائیں گے۔




**ہدایات برائے اساتذہ/والدین:** اساتذہ اور والدین کوشش کریں کہ بچوں کو اللہ تعالیٰ کے نام اسکول اور گھر میں پڑھائیں اور انہیں زبانی یاد کرنے کی ترغیب دیں۔